11th Class Urdu Objective Paper Group 1 Sargodha Board 2024

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..............................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 2023-25 تا 2020-22) پرچہ (I) دستخط امیدوار ..................................................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2023** کل نمبر 20

نوٹ:- ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | علی سالار کی بیماری کی خبر سُن کر گھر میں پٹس پڑ ______ | گئے | گئی | گئیں | گیا |
| 2 | "رقیق القلبی" سے مراد ہے۔ | نرم دلی | غضب ناک | سخت دل | غصیلہ |
| 3 | "ادیب کی عزت" کا مرکزی کردار ہے۔ | سکینہ | قمر صاحب | رئیس | حافظ صمد |
| 4 | بمبئی سے ایک عرب عربی میں ترجمہ کرنا چاہتا تھا۔ | شکوہ کا | رموزِ بے خودی کا | اسرارِ خودی کا | جوابِ شکوہ کا |
| 5 | بیگم وجیہہ ہاشمی کا تعلق کس تنظیم سے تھا۔ | نیپکا | پیپلا | ایپکا | اپوا |
| 6 | تصریف کے مطابق دانت نکالنے کا آلہ ہے۔ | مقامارع الاسنان | نشتر | محقن | تاثاطیر |
| 7 | افق پر چاند اور سورج نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔ | مطلع | مقطع | قافیہ | ردیف |
| 8 | مطلع کے دونوں مصرعوں میں ضروری ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | ردیف | قافیہ |
| 9 | دشت میں ہم مکالمہ ناصر۔ اپنی دیوانگی سے کرتے ہیں۔ یہ شعر غزل کا ہے | نقیب | مطلع ثانی | مقطع | مطلع |
| 10 | بر ارضِ فلسطین بڑا ظلم ہوا ہے۔<br>ہے خون سے رنگین بڑا ظلم ہوا ہے۔<br>اس میں قوافی ہیں۔ | ارض۔خون | فلسطین۔رنگین | ظلم ہوا ہے | خون۔ظلم |
| 11 | ردیف کے الفاظ ہوتے ہیں۔ | ہم شکل | ہم آواز | مہمل | ترنم |
| 12 | حروف تشبیہ کا دوسرا نام ہے۔ | وجہ شبہ | غرض تشبیہ | طرفین تشبیہ | اداتِ تشبیہ |
| 13 | مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں۔ | طرفین تشبیہ | حسنِ تشبیہ | مابین تشبیہ | قطبین تشبیہ |
| 14 | وجہ جامع رکن ہے۔ | تلمیح کا | تشبیہ کا | استعارہ کا | علم بدیع کا |
| 15 | استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ | چار | تین | پانچ | سات |
| 16 | لفظ تلمیح مشتق ہے۔ | لمحوں سے | لمحے سے | لمحات | لمح |
| 17 | جدید دور ______ بہترین بدرقہ گوگل ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 18 | میرے گھر ______ بنا مضبوط ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 19 | ہر شخص اپنے جسم ______ برہنگی پر نادم ہوتا ہے۔ | کے | کا | کی | کو |
| 20 | علی اردان نے آج شیو نہیں ------ | بنوائیں | بنوائے | بنوائی | بنوایا |



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ پہلا) (سیشن 2023-25 to 2020-22) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے pakcity.org کل نمبر 80

حصہ ---------------- اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

وہ دشت ، وہ نسیم کے جھونکے ، وہ سبزہ زار × پھولوں پہ جا بجا ، وہ گھرہائے آب دار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا ، بار بار × بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ، ہزار

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

رسمِ جفا کامیاب ، دیکھیے کب تک رہے × حُبِّ وطن مست خواب ، دیکھیے کب تک رہے
تا بہ کجا ہوں دراز ، سلسلہ ہائے فریب × ضبط کی لوگوں میں تاب ، دیکھیے کب تک رہے
پردۂ اصلاح میں ، کوششِ تخریب کا × خلقِ خدا پر عذاب ، دیکھیے کب تک رہے

حصہ ---------------- دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) اب تم کو کیسے سمجھاؤں۔ ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہل دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہو جاتا ہے۔

(ب) میں ابھی تک علیل ہوں، گو پہلے کی نسبت بہت افاقہ ہے۔ دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ کامل صحت عطا فرمائے۔ حکیم اجمل خاں صاحب نے دہلی سے دوا بھیجی تھی مگر اس سے بھی کم فائدہ ہوا۔ کل گورداس پور سے ایک حکیم صاحب خود بخود تشریف لے آئے تھے۔ انہیں کسی سے میری علالت کا حال معلوم ہوا تھا۔ دوا دے گئے ہیں جس سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس دوا سے فائدہ ہو جائے گا کیوں کہ جن اجزا سے یہ مرکب ہے ان میں سے ایک اخلاص بھی ہے جو ان حکیم صاحب کو میرے مکان تک لے آیا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) اپنی مدد آپ (ii) اوورکوٹ

5۔ سید محمد جعفری کی نظم ''ایبسٹریکٹ آرٹ'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ استاد اور شاگرد کے مابین ''مسئلہ فلسطین'' کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ 10

............ یا ............ کالج میں منعقد ہونے والے مشاعرے کی روداد لکھیں۔

7۔ ''عمرہ'' کی ادائیگی کی رُخصت کے لیے پرنسپل صاحب کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

دنیا میں غریب بھی ہیں اور دولت مند بھی ہیں۔ دنیا میں غریب ہیں تو دنیا کا نظام چلانے میں معاونت ہو رہی ہے۔ غریب محنت مزدوری کرتے ہیں تو امیروں کا کام ہو جاتا ہے اور امیر محنت کا معاوضہ ادا کرتے ہیں، جس سے غریبوں کی ضرورت پوری ہوتی ہے۔ دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں جو پرہیزگار، متقی اور نیک ہیں۔ جو دنیاوی جاہ وحشمت کی رغبت نہیں رکھتے۔ شب بیداری میں عبادت و ریاضت کرتے ہیں۔ ایسے متقی اور پرہیزگار اللہ والے دنیا کے لیے بہت بڑی نعمت ہیں اور دنیا قائم ہی اللہ والوں کی وجہ سے ہے، کیوں کہ اللہ کا وعدہ ہے کہ دنیا میں جب تک ایک بھی اس کا نام لیوا باقی ہوگا تو قیامت برپا نہیں کرے گا۔

1110 - 1124 - 40000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔

رول نمبر ..............................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ دوسرا) (سیشن 2023-25 تا 2020-22) پرچہ (I) دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ

**PAPER CODE 2022**

کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی | بادشاہ ملے | غلام ہو | فیاض ملے | خضر ملے |
| 2 | سرسید کو ہمیشہ حد سے زیادہ لگاؤ رہا | اپنے کنبے سے | اپنی دولت سے | اپنے مال سے | اپنے ہم رتبہ لوگوں سے |
| 3 | عبدالرحمٰن الناصر فرماں روا تھا۔ | مصر کا | اندلس کا | بغداد کا | ایران کا |
| 4 | مدت گزری جب حضرت قمر نے ______ بنوائی تھی | ایک اچکن | ایک پتلون | ایک عمارت | ایک ٹوپی |
| 5 | میزبان کے اخلاص و ایثار کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ | کرسیوں کی تعداد سے | ٹھنڈے مشروب سے | مرغیوں کی تعداد سے | چائے اور کافی سے |
| 6 | قافیہ، لفظ بنا ہے ______ | قفا سے | اقواف سے | وقوف سے | وقفی سے |
| 7 | ردیف، کا لغوی معنی ہے۔ | ہم آواز الفاظ | گھڑسوار کے آگے بیٹھنے والا | گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا | ہم وزن الفاظ |
| 8 | مطلع پایا جاتا ہے۔ | غزل اور نظم میں | نظم اور قصیدہ میں | غزل اور قصیدہ میں | قصیدہ اور مرثیہ میں |
| 9 | شاعر کا قلمی نام کہلاتا ہے۔ | عرفیت | تخلص | لقب | خطاب |
| 10 | جس غزل میں ردیف نہ ہو اسے کہتے ہیں۔ | غیر منقوط غزل | غیر مردف غزل | غیر معروف غزل | آزاد غزل |
| 11 | ارکان تشبیہ کی تعداد ہے۔ | تین | چار | پانچ | تعداد مقرر نہیں |
| 12 | وجہ جامع، رکن ہے۔ | تلمیح کا | تشبیہ کا | استعارہ کا | مطلع کا |
| 13 | "پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو"۔ استعارہ ہے | پلکوں سے | گر نہ جائیں | موتی | سنبھال لو |
| 14 | "ابن مریم" ہے۔ | استعارہ | تشبیہ | تلمیح | تخلص |
| 15 | "تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسدؔ"۔ تلمیح کی نشاندہی کیجیے۔ | تیشہ | کوہکن | اسد | مر نہ سکا |
| 16 | کمرے میں میز ______ | پڑا ہے | رکھا ہے | پڑے ہیں | پڑی ہے |
| 17 | اس لفظ ______ املاء درست ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 18 | سڑک پر تارکول ______ | ڈالی گئی | رکھی گئی | ڈالے گئے | ڈالا گیا |
| 19 | سرسید نے دلی ہمیشہ کے لیے چھوڑ ______ | دیا | دیے | دی | دیں |
| 20 | اس نے مجھ پر کیچڑ ______ | اچھالا | اچھالے | اچھالی | اچھالیں |

www.pakcity.org

1111 - 1124 - 35000 (1)

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ دوسرا) (سیشن 2023-25 to 2020-22) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

حصہ ---------------- اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

اشکوں سے ترے، دین کی کھیتی ہوئی سیراب × فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سروساماں

انسان کو شائستہ و خوددار بنایا × تہذیب و تمدن، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو × وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے × چمن اُڑ گیا آندھیاں آتے آتے

نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہہ دو × کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

حصہ ---------------- دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(الف) غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو تمھاری زندگی کے لیے نمونہ، تمھاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لیے سامان، تمھارے ظلمت خانہ کے لیے ہدایت کا چراغ اور رہ نمائی کا نور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیینؐ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے۔ اس لیے طبقۂ انسانی کے ہر طالب علم اور نورِ ایمانی کے ہر متلاشی کے لیے صرف حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیینؐ کی سیرت، ہدایت کا نمونہ اور نجات کا ذریعہ ہے۔

(ب) میرٹھ سے آکر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانے دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے سے آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5۔ میر انیس کی نظم "میدانِ کربلا میں صبح کا منظر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ دو افراد کے درمیان مسئلہ فلسطین کے موضوع پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجیے۔ ....یا.... اِک نعتیہ مشاعرے کی رُوداد تحریر کیجیے 10

7۔ کمپیوٹر فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

"خدمتِ خلق سے ہوس اور طبیعت کا بُخل کم ہوتا ہے۔ اخلاقی بیماریاں کم ہوتی ہیں۔ ایثار و قربانی سے ایسا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ جس میں فرد، دوسرے کے لیے سوچتا ہے۔ ذاتی مفادات کی قربانی کی طرف انسانی فطرت آسانی سے مائل نہیں ہوتی۔ اس نیکی کا اثر دوسرے پر پڑتا ہے۔ اور یہ ایسی فصل ہے جس کا فوری ثمر مل جاتا ہے۔ نیز اس سے ایسا رُوحانی کیف بھی میسر آتا ہے جسے خریدا نہیں جاسکتا"

1112 - 1124 - 35000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2023

1123 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..........................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 2022-24 تا 2019-21) پرچہ (I) دستخط امیدوار ..........................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2027** کل نمبر 20

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | غزل اور قصیدے میں لازم ہے: | مقطع | مطلع | ردیف | تخلص |
| 2 | نیکی۔۔۔راہ بہت مشکل ہے۔ | کو | کے | کا | کی |
| 3 | استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔ | مجاز پر | اشارے پر | علامت پر | حقیقت پر |
| 4 | حضور خاتم النبیین ﷺ کا وجود مبارک تھا۔ | خورشید | مہتاب | مہ کامل | آفتاب عالم تاب |
| 5 | تصریف بڑے حصوں میں منقسم ہے۔ | ایک | دو | تین | چار |
| 6 | سبق اودر کوٹ کے مطابق بلی کا رنگ تھا۔ | سفید | کالا | نیلا | سُرخ |
| 7 | رات دن میں اچھن کا باپ بیڑیاں پیا کرتا تھا۔ | دو | تین | چار | پانچ |
| 8 | شکاری مارا مارا پھر رہا تھا۔ | صبح سے | دوپہر سے | شام سے | رات سے |
| 9 | تشبیہ نکلا ہے لفظ: | مشبہ سے | شبہ سے | مشبہ بہ سے | وجہ شبہ سے |
| | **QUESTIONS** | **(A)** | **(B)** | **(C)** | **(D)** |
| 10 | کسی مشہور واقعہ یا بات کی طرف اشارہ کہلاتا ہے۔ | مجاز مرسل | تلمیح | استعارہ | تشبیہ |
| 11 | امجد نے اخبار پڑھ۔۔۔۔۔ہے۔ | لے | لیا | لو | لی |
| 12 | حرف تشبیہ ہیں | تم | شیر دل | مانند، طرح | رستم |
| 13 | استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ | دو | تین | چار | پانچ |
| 14 | ردیف سے پہلے آتا ہے۔ | مطلع | مقطع | تخلص | قافیہ |
| 15 | ردیف کے الفاظ کی تعداد ہوتی ہے۔ | ایک | دو | تین | تعداد مقرر نہیں |
| 16 | مطلع قواعد کی رو سے ہے: | ضمیر | اسم | ظرف مکاں | ظرف زماں |
| 17 | غزل کے آخری شعر میں تخلص نہ ہو تو کہلاتا ہے۔ | مقطع | آخری شعر | مطلع | بیت الغزل |
| 18 | پانی میں جھاگ۔۔۔ | اٹھی | اٹھے | اٹھا | اٹھیں |
| 19 | زادِراہ ختم ہو۔۔۔۔۔ | گا | گیا | گئی | گئے |
| 20 | پیاز سندھ سے آ۔۔۔۔۔ہے۔ | رہی | رہے | رہا | رہیں |



pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2023

1123 انٹر پارٹ (I)　　وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ)　　(گروپ پہلا)　　(سیشن 2022-24 to 2019-21)　　پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے　　کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ---------------- اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

ڈھائی جائے گی بِنا ، یورپ کے استعمار کی × ایشیا ، آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دَیر میں × وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

یہ آرزو تھی ، تجھے گُل کے روبرو کرتے × ہم اور بلبلِ بے تاب ، گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خُوب ہوا × زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

بری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ × کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

حصہ ---------------- دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(الف) غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو تمہاری زندگی کے لیے نمونہ، تمھاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لیے سامان تمھارے ظلمت خانہ کے لیے ہدایت کا چراغ اور رہنمائی کا نور خاتم النبیین ﷺ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے۔ اس لیے طبقۂ انسانی کے ہر طالب علم اور نورِ ایمانی کے ہر متلاشی کے لیے صرف خاتم النبیین رسول ﷺ کی سیرت ، ہدایت کا نمونہ اور نجات کا ذریعہ ہے۔

(ب) کپڑے تو میں نے بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کہ کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور میں جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیے کہ میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکا۔ پھر میں نے وہ فقرے سوچے جو مجھے فیکے کے سامنے اس انداز سے ادا کرنے تھے کہ اسے سچی بات بھی معلوم ہو جائے اور اُسے دکھ بھی نہ ہو۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) ادیب کی عزت　　(ii) سفارش

5۔ اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ اندرون شہر سفر کے دوران خواتین کو درپیش مسائل کے موضوع پر دو خواتین پروفیسر کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 10

........... یا ...........

تجریدی آرٹ نمائش کی روداد لکھیے۔

7۔ رسید بابت 'تعلیمی وظیفہ' تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

اولاد دراصل والدین کے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہوتی ہے۔ اور والدین کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اولاد کی فلاح و بہبود اور اس کی اچھی تربیت کا اہتمام کریں۔ وہ شخص جو کسی پر اختیار و اقتدار رکھتا ہو۔ اُس کا نگران قرار دیا گیا ہے۔ اور قیامت کے روز اُس سے اُن لوگوں کے بارے میں جو اُس کی نگرانی میں ہیں باز پُرس کی جائے گی۔ اولاد کی پرورش و تربیت کے سلسلے میں والدین جو محنت کرتے ہیں۔ اس سے وہ آخرت میں اجر کے مستحق ہوں گے۔ اور اُن کی تربیت سے اُن کی اولاد جو نیک کام کرے گی۔ اُس کا ثواب والدین کو بھی ملے گا۔ اس کے علاوہ والدین کے حق میں نیک اولاد کی دُعا بھی قبول ہوتی ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2023

1123 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔

رول نمبر..........................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ دوسرا) (سیشن 2019-21 to 2022-24) پرچہ (I) دستخط امیدوار..........................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2024** کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | "کس شیر کی آمد ہے کہ رَن کانپ رہا ہے" اس میں مستعار لہٗ ہے۔ | بُزدلی | بہادر آدمی | رَن | شیر |
| 2 | خاتم النبیین حضور ﷺ کا وجود مبارک تھا۔ | فیضانِ حق | عملی نمونہ | روشن مہتاب | آفتاب عالم تاب |
| 3 | قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتابیں تھیں۔ | ایک لاکھ | ایک لاکھ سے زائد | دو لاکھ | دو لاکھ سے زائد |
| 4 | ڈاکٹر لی۔ کارک نے تصریف کا ترجمہ کیا۔ | انگریزی زبان میں | جرمن زبان میں | فرانسیسی زبان میں | عربی زبان میں |
| 5 | حضرتِ قمر نے چائے کا پیالہ تیار کیا۔ | بیس دفعہ اُبالی ہوئی کا | تیس دفعہ ابالی ہوئی کا | چالیس دفعہ اُبالی ہوئی کا | پچاس دفعہ اُبالی ہوئی کا |
| 6 | افسانہ "اوور کوٹ" کا مصنف ہے۔ | غلام عباس | افضل حق | پریم چند | ممتاز مفتی |
| 7 | کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | ردیف |
| 8 | لفظ مجازی معانی استعمال ہوتا ہے۔ | تشبیہ میں | استعارہ میں | تلمیح میں | ردیف میں |
| 9 | مجھے سو روپے۔۔۔۔۔زعفران لادو۔ | کے | کو | کی | کا |
| 10 | تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں۔ | پانچ | چار | تین | دو |
| 11 | حروفِ تشبیہ کو کہتے ہیں۔ | مشبہ | مشبہ بہ | اداتِ تشبیہ | وجہ شبہ |
| 12 | ردیف سے پہلے آتا ہے۔ | مطلع | مقطع | استعارہ | قافیہ |
| 13 | مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں۔ | ہم معانی | ہم قافیہ | ذو معنی | ہم جماعت |
| 14 | مقطع کے لُغوی معانی ہیں۔ | طلوع ہونے کا مقام | کاٹنے کی جگہ | پے درپے آنا | گھڑسوار کے پیچھے آنا |
| 15 | دوسرا کون ہے جہاں تو ہے۔ کون جانے تجھے کہاں تو ہے۔ اس شعر میں ردیف ہے۔ | جہاں، کہاں | کون ہے | تو ہے | جانے تجھے |
| 16 | قافیہ کی جمع ہے۔ | قافیات | قفاف | قوافی | مقفی |
| 17 | "مکتوبات غالب" چھپ۔۔۔۔ | گئی ہے | گیا ہے | گئے ہیں | گئیں ہیں |
| 18 | میں نے زخم پر مرہم۔۔۔۔ | لگائی | لگائے | لگایا | لگائیں |
| 19 | اس کنوئیں کا پانی ہے۔ | کھاری | کھارا | کھارو | کھارے |
| 20 | بیس روپے۔۔۔۔یہ دہی لے آو۔ | کا | کی | کے | کو |



Please visit for more data at: www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2023

1123 انٹر پارٹ (I)

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ دوسرا) (سیشن 2022-24 to 2019-21)

وقت: 2.40 گھنٹے

پرچہ (I)

کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ــــــــــــــــــ اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

میرے جیسے ہوں گے پیدا ، سیکڑوں اہلِ سخن × نکتہ نکتہ جن کا ، آزادی کی جاں ہو جائے گا
ڈھائی جائے گی بِنا ، یورپ کے استعمار کی × ایشیا ، آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

ذکرِ اغیار سے ہوا معلوم × حرفِ ناصح بُرا نہیں ہوتا
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے × ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا × جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حصہ ــــــــــــــــــ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لیے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی و رہنما بنایا جاوے تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔

(ب) بالا خانے کا جو دالان میرے اُٹھنے بیٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہوگئی۔ کہیں لگن، کہیں چلمچی، کہیں اگالدان رکھ دیا۔ قلمدان، کتابیں اٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں۔ کشتی نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اب نجات ہوئی ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) اُسوۂ حسنہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم (ii) چراغ کی لو

5۔ اختر شیرانی کی نظم ''برسات'' کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لئے استاد اور شاگرد کے مابین مکالمہ تحریر کریں۔ ....یا.... جلسہ تقسیم انعامات کی روداد لکھیے۔ 10

7۔ کرایہ مکان کی وصولی کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

پاکستان کو درپیش مسائل کی فہرست کافی طویل ہے۔ مختصر کرتے کرتے بھی یہ مختصر ہوتی نظر نہیں آتی۔ کہاں سے شروع کریں اور کہاں ختم کریں۔ زبان خشک ہو جاتی ہے اور سر چکراتا ہے۔ سرِ دست بجلی کو لیں، مُلک اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے۔ صنعت بند پڑی ہے۔ گیس کی لوڈ شیڈنگ کا تذکرہ کریں تو چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں۔ مہنگائی کا گراف تیزی سے اوپر کی طرف چڑھتا جا رہا ہے اور دہشت گردی کا عذاب پتا نہیں کب تک بے گناہ اور معصوم شہریوں پر ٹوٹتا رہے گا۔ فرقہ واریت ایک اور سنگین مسئلہ ہے جس کو ہم ختم بھی کرنا چاہیں تو اسلام کے نادان دوست پھر بھڑکا دیتے ہیں۔

1104 - 1123 - 35000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2022

1122 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..............................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 2021-23 to 2018-20) پرچہ (I) دستخط امیدوار..............................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2023** کل نمبر 20

**نوٹ:-** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| لی | لیے | لیا | لو | وزیر نے حلف اٹھا________ | 1 |
| آئر لینڈ کا | سوئٹزر لینڈ کا | پولینڈ کا | نیوزی لینڈ کا | ولیم ڈراگن بڑا خیر خواہ تھا۔ | 2 |
| ماہر | بخیل | فیاض | کنجوس | سر سید احمد خاں خطوں کا جواب دینے میں تھے۔ | 3 |
| قمر صاحب کو | منشی جی کو | مولانا اکبر کو | مرزا غالب کو | جوانی میں لکھنے کی بیماری لگ گئی تھی۔ | 4 |
| علی گڑھ | بمبئی | جہانگیر آباد | میرٹھ | غالب ڈاک میں بیٹھ کر گئے۔ | 5 |
| امیر لوگ | کفایت شعار لوگ | کنجوس لوگ | دکاندار | الارم والی ٹائم پیس کے بجائے مُرغ پال لیتے ہیں۔ | 6 |
| حسین | بچہ | کی طرح | چاند | ''بچہ چاند کی طرح حسین ہے'' مشبہ ہے۔ | 7 |
| ادھار لینا | ادھار کھانا | ادھار بانٹنا | ادھار دینا | استعارہ کے لغوی معنی ہیں۔ | 8 |
| مژگاں | آبِ شفا | چاند سا چہرہ | صبرِ ایوب | تلمیح ہے۔ | 9 |
| ان میں سے کوئی نہیں | لغوی معنوں میں | مجازی معنوں میں | حقیقی معنوں میں | استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے۔ | 10 |
| کوئی خوبی نہ ہونا | مشترک خوبی | ادھار لینا | متضاد خوبی | تشبیہ دینے کی وجہ ہوتی ہے۔ | 11 |
| آخری شعر | مقطع | تلمیح | مطلع | کیوں سنے عرضِ مضطرب، مومن صنم آخر خدا نہیں ہوتا، یہ شعر اصطلاح میں ہے | 12 |
| متضاد الفاظ | استعارہ | ردیف | قافیہ | شعر کے آخر میں آنے والے مستقل کلمات کہلاتے ہیں۔ | 13 |
| صرف مطلع میں | آخری شعر میں | ردیف سے پہلے | ردیف کے بعد | قافیہ آتا ہے۔ | 14 |
| ثقافتی | سیاسی | نثری | شعری | ردیف اصطلاح ہے۔ | 15 |
| غزل کے تمام شعر | غزل کا آخری شعر | غزل کا تیسرا شعر | غزل کا پہلا شعر | مطلع ہوتا ہے۔ | 16 |
| دیں | دیے | دی | دیا | اس نے صحن میں جھاڑو نہیں________ | 17 |
| آئے | آیا | آئی | آؤ | ملتان سے تار________ ہے | 18 |
| پڑھو | پڑھیں | پڑھا | پڑھی | میں نے آج اخبار نہیں________ | 19 |
| کی | کیں | کا | کے | ایک روپے________ زعفران دو | 20 |

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2022

1122 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) **(گروپ پہلا)** (سیشن 2018-20 to 2021-23) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ــــــــــــــــ اول

**2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔** 10

لاکھ پردوں میں ہے تُو بے پردہ × سو نشانوں پہ ، بے نشان تُو ہے
تُو ہے خلوت میں ، تُو ہے جلوت میں × کہیں پنہاں ، کہیں عیاں تُو ہے

**(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔** 10

نہ گنواؤ ناوک نیم کش ، دل ریزہ ریزہ گنوا دیا × جو بچے ہیں سنگ ، سمیٹ لو ، تن داغ داغ لٹا دیا
مرے چارہ گر کو نوید ہو ، صفِ دشمناں کو خبر کرو × وہ جو قرض رکھتے تھے جان پر ، وہ حساب آج چکا دیا
کرو کج جبیں پہ سرِ کفن ، مرے قاتلوں کو گماں نہ ہو × کہ غرورِ عشق کا بانکپن ، پسِ مرگ ہم نے بھلا دیا

حصہ ــــــــــــــــ دوم

**3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔** 15

(ا) قومی ترقی مجموعہ ہے، شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری، شخصی ہمدردی کا۔ اسی طرح قومی تنزل مجموعہ ہے شخصی سستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خودغرضی اور شخصی برائیوں کا۔ ناتہذیبی و بدچلنی جو اخلاقی و تمدنی یا باہمی معاشرت کی بدیوں میں شمار ہوتی ہے، درحقیقت وہ خود اسی شخص کی آوارہ زندگی کا نتیجہ ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ بیرونی کوشش سے ان برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ ڈالیں اور نیست و نابود کردیں، تو یہ برائیاں کسی اور نئی صورت میں اس سے بھی زیادہ زورشور سے پیدا ہو جاویں گی۔

(ب) میرٹھ سے آکر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانے دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے، جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔

**4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10

(i) اسوہ حسنہ ﷺ (ii) اوورکوٹ

05 5۔ اختر شیرانی کی نظم ''برسات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

10 6۔ دو دوستوں کے درمیان موبائل فون کے فوائد اور نقصانات کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔

............ یا ............ کالج میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات کی روداد لکھیے۔

10 7۔ ڈپٹی کمشنر کے نام جونیئر کلرک کی بھرتی کے حوالے سے حصولِ ملازمت کی درخواست تحریر کیجیے۔

2+8=10 8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔

غصے پر قابو پانے اور بدلہ لینے کی طاقت رکھتے ہوئے بھی دوسروں کی غلطیوں سے درگزر کرنا ہی تحمل اور بردباری کا جوہر ہے بعض اوقات انسان دوسروں کی غلطیوں پر آپے سے باہر ہوجاتا ہے حالاں کہ وہ خود بھی ان ہی غلطیوں کا مرتکب ہوسکتا ہے ایسی حالت میں وہ غور وفکر سے کام لے اور تحمل و بردباری کو کام میں لائے تو اس کے حق میں بہتر ہو۔ دنیا میں آئے دن جو قتل و غارت، فتنہ وفساد رونما ہوتے رہتے ہیں۔ سب کا سب زیادہ تر یہی اشتعال ہے کہ نہایت معمولی بات پر انتقامی کاروائی کر بیٹھتا ہے جس پر بعد میں پریشانی بلکہ پشیمانی بھی ہوتی ہے۔ اس طرح محض حلم و بربادی کو چھوڑ دینے کے باعث انتقام در انتقام کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ بے شمار جانیں ضائع ہوجاتی ہیں۔ مقدمات کے چکر چلتے ہیں اور دولت کا زیاں ہوتا ہے۔

**1102** - 1122 - 45000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2022

pakcity.org

1122 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ دوسرا) (سیشن 2021-23 to 2018-20) پرچہ (I) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2026** کل نمبر 20

**نوٹ:-** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| کا | کے | کو | کی | دس روپے ______ دہی لاؤ۔ | 1 |
| لگایا | لگائی | لگائے | لگائیں | ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ______ | 2 |
| امداد باہمی پر | اختلاف عمل پر | اتحاد پر | تعاون پر | اس دنیا کی بنیاد کس چیز پر ہے؟ | 3 |
| تین برس | دو برس | ڈیڑھ برس | ایک برس | سرسید احمد خان نے ''خطبات احمدیہ'' کتنی مدت میں لکھی؟ | 4 |
| ہاجرہ مسرور | احمد ندیم قاسمی | غلام عباس | پریم چند | درسی کتاب کا سبق ''ادیب کی عزت'' کس مصنف نے لکھا؟ | 5 |
| ملیریا | یرقان | تپ دق | کرونا | اچھن کس بیماری میں مبتلا تھی؟ | 6 |
| اہلِ زبان | اہلِ سیف | مغل | منگول | مصنف کے مطابق یو۔پی کے حملہ آور کیا کہلاتے ہیں؟ | 7 |
| پانچ | چار | تین | دو | ارکانِ تشبیہ کی تعداد کتنی ہے؟ | 8 |
| وجہ شبہ | طرفین تشبیہ | طرفین استعارہ | وجہ جامع | مستعارلہٗ اور مستعارمنہ کو کیا کہتے ہیں؟ | 9 |
| سنبھال | موتی | آنسو | پلکوں | ''پلکوں سے گر نہ جائیں موتی سنبھال لو'' اس مصرع میں مستعار منہ کیا ہے؟ | 10 |
| ترکی | فارسی | اردو | عربی | تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے؟ | 11 |
| آتشِ نمرود | چاہِ ذقن | دمِ عیسیٰ | صبرِ ایوبؑ | درج ذیل میں سے کون سی تلمیح نہیں ہے؟ | 12 |
| پہلا | آخری | تیسرا | دوسرا | شعری اصطلاح میں مطلع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے؟ | 13 |
| کوئی بھی نہیں | تخلص | ردیف | قافیہ | مقطع کی بنیادی پہچان کیا ہے؟ | 14 |
| طلوع ہونے کی جگہ | ختم کرنا | اطلاع کرنا | آغاز کرنا | مطلع کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | 15 |
| گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا | طلوع ہونے کا مقام | ہم آواز | پے در پے آنے والا | ردیف کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | 16 |
| قافیہ | استعارہ | تشبیہ | ردیف | 'لایا، پایا، گایا' شعری اصطلاح کی رُو سے کیا ہیں؟ | 17 |
| کوئی بھی نہیں | جاتے | جاتی | جاتا | صابن سے مَیل اتر ______ ہے۔ | 18 |
| آؤ | آیا | آئی | آئے | اکرم کو کافی دیر بعد ہوش ______ | 19 |
| کو | کی | کا | کے | نیکی ______ راہ بہت کٹھن ہے۔ | 20 |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2022

1122 انٹر پارٹ (I)
وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ دوسرا) (سیشن 2018-20 to 2021-23)

پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے

کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ............... اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

گنوا دی ہم نے ، جو اسلاف سے میراث پائی تھی × ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا
حکومت کا تو کیا رونا ، کہ وہ اک عارضی شے تھی × نہیں دنیا کے آئین مسلّم سے کوئی چارا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی × بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو × وہی رہ گئی ، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے × چمن اُڑ گیا ، آندھیاں آتے آتے

حصہ ............... دوم

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(الف) راست بازی اور وہ تمام اوصاف جو ایک راست باز آدمی میں ہونے ضروری ہیں۔ جیسے صدقِ مؤدت، حمیت، دلیری اور آزادی وغیرہ، اِس شخص کی خصوصیات میں سے تھے۔ اِس شخص نے اگر سچ پوچھیے تو اپنی آزادانہ تحریروں سے اردو لٹریچر میں آزادی اور سچائی کی بنیاد ڈال دی۔ اس نے لوگوں کو مجبور کیا کہ سچ بات کہنے میں کسی کی طعن و ملامت سے نہ ڈریں۔ جو بات اس کو حق معلوم ہوئی اس کے کہنے میں کبھی اس بات کا خیال نہیں کیا کہ دُنیا میں کوئی دوسرا شخص بھی اِس بات میں اس کے ساتھ اتفاق کرنے والا ہے یا نہیں۔

(ب) چوتھی قسم خالی طلبہ کی ہے۔ یہ طلبہ کی خالص ترین قسم ہے۔ ان کا دامن کسی قسم کی آلائش سے تر ہونے نہیں پاتا۔ کتابیں، امتحانات، مطالعہ اور اس قسم کے خرخشے کبھی ان کی زندگی میں خلل انداز نہیں ہوتے۔ جس معصومیت کو لے کر وہ کالج میں پہنچے تھے، اِسے آخر تک ملوث نہیں ہونے دیتے اور تعلیم اور نصاب اور درس کے ہنگاموں میں اس طرح زندگی بسر کرتے ہیں، جس طرح بتیس دانتوں میں زبان رہتی ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) اوور کوٹ (ii) ابو القاسم زہراوی

5۔ نظم ''خطاب بہ جوانانِ اسلام'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان بڑھتی ہوئی مہنگائی کے بارے میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

............ یا ............ کالج میں ہونے والی نعتیہ محفلِ مشاعرہ کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ پرنسپل کے نام تبدیلی مضمون کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

اگر آپ چھوٹی چھوٹی باتوں پر بچے کو ٹوکتے رہیں گے تو کبھی اندازہ نہیں ہو سکے گا کہ ان کے لیے کونسی چیز اہم ہے۔ کوشش کریں اپنے بچوں کا دوسرے بچوں کے ساتھ موازنہ نہ کریں اور کم نمبر لینے پر بچوں کو مت ڈانٹیں کیونکہ بچوں میں ایک دوسرے کے ساتھ فرق ہوتا ہے آپ کی ڈانٹ ڈپٹ بچے کی حالت تبدیل کرنے کا موجب نہیں بن سکتی بلکہ اس طرح سے اس میں حسد کا احساس پیدا ہوگا اور اس کے غصے میں اضافہ ہوگا۔ اپنے کاموں کے سلسلہ میں اس کا حوصلہ بھی ٹوٹ جائے گا۔ آپ کا رویہ معقول اور منطقی ہونا چاہیے ورنہ آپ کے بچے ذہنی پریشانی کا شکار ہو جائیں گے اور ممکن ہے کہ وہ آپ کی خواہشات کو بے بنیاد سمجھنے لگیں۔

1104 - 1122 - 40000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2019

.... نمبر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں کس جگہ پر اپنا رول نمبر علاوہ دستخط کریں۔ رول نمبر..........

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 20-2018 تا 17-2015) پرچہ (I) دستخط امیدوار..........

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2025** کل نمبر 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | زہراوی سرجری میں ______ راہیں دریافت کرتا تھا | نیا نیا | نئیں نئیں | نئی نئی | نئے نئے |
| 2 | ہجوم بے تحاشا نعرے لگا ______ | رہا تھا | رہی تھیں | رہی تھی | رہے تھے |
| 3 | خدا کی محبت کا اہل بننے کے لیے ہر مذہب نے ایک ہی بتائی ہے۔ | تقدیر | تقریر | تحریر | تدبیر |
| 4 | شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری اور شخصی ہمدردی مجموعہ ہے۔ | قومی عروج کا | قومی خوش حالی کا | قومی ترقی کا | قومی برتری کا |
| 5 | حضرت قمر کو کیا مانگنے پر غصہ آ گیا؟ | کارڈ | موبائل | پیسے | رشوت |
| 6 | اچھن کی ماں کو مرے ہوئے کون سا سال تھا؟ | پہلا | دوسرا | تیسرا | چوتھا |
| 7 | غالب صاحب فراش ہوتے ہوئے بھی مسودات کس طرح دیکھتے تھے؟ | کھڑے کھڑے | چلتے پھرتے | بیٹھے بیٹھے | لیٹے لیٹے |
| 8 | ''وہ دیکھو! رستم آ رہا ہے۔'' اس جملے میں رستم کیا ہے؟ | مستعارلہ | مستعارمنہ | وجہ جامع | مشبہ |
| 9 | تلمیح ہے۔ | شیر کی طرح | ید بیضا | سرو قد | پھول ہیں صحرا میں |
| 10 | حرف تشبیہ کی نشان دہی کیجئے۔ | اگر | مگر | گویا | چونکہ |
| 11 | ''گنج قاروں'' کیا ہے؟ | تلمیح | تشبیہ | استعارہ | حرف تشبیہ |
| 12 | پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار<br>اودے اودے، نیلے نیلے، پیلے پیلے پیرہن اس شعر میں ''یا'' کیا ہے؟ | مشبہ | مشبہ بہ | وجہ شبہ | حرف تشبیہ |
| 13 | غزل کے اشعار کے آخر میں ایک جیسے بار بار دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔ | قافیہ | مقطع | ردیف | مطلع |
| 14 | رسم جفا کامیاب، دیکھیے کب تک رہے<br>حب وطن مست خواب، دیکھیے کب تک رہے اس شعر میں قوافی ہیں۔ | رسم جفا | کامیاب، خواب | کب تک رہے | دیکھیے کب تک رہے |
| 15 | شعری اصطلاح میں ہم وزن اور ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں۔ | ردیف | قافیہ | مقطع | مطلع |
| 16 | مطلع کے لغوی معنی ہیں۔ | ختم ہونے کی جگہ | طلوع ہونے کی جگہ | غروب ہونے کی جگہ | مکمل ہونے کی جگہ |
| 17 | مقطع کس زبان کا لفظ ہے۔ | فارسی | عربی | ترکی | سنسکرت |
| 18 | اس دنیا ______ بنیاد اختلاف عمل پر ہے۔ | کے | کا | کی | کیں |
| 19 | اردو میں لاکھوں کتابیں لکھی جا ______ | چکیں تھی | چکی تھی | چکی تھیں | چکیں تھیں |
| 20 | اس نقطہ ______ املا درست نہیں | کا | کی | کے | کیں |

pakcity.org



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Sargodha Board-2019

1119 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ پہلا) (سیشن 2018-20 تا 2015-17)

وقت: 2.40 گھنٹے پرچہ (I)

کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ............ اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی × خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہوجائے گا

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں × حق عیاں ہوجائے گا، باطل نہاں ہوجائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا × زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ × کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا × تمام عمر رفوگر رہے، رفو کرتے

حصہ ............ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی۔ مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم وحجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہوسکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) ہم سوچتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو مشرق ہاتھ میں رہے نہ مغرب۔ کیا عجب سندباد کی طرح کسی نادیدہ جزیرے میں جانکلیں جہاں کسی پیر تسمہ پا سے مڈبھیڑ کا بھی اتنا ہی خطرہ ہے جتنا کسی شہزادی مہر افروز کے ہم پر جان سے عاشق ہونے کا۔ بلکہ پہلا امکان کچھ زیادہ ہی ہے۔ تاہم دوستو! اب کیا ہوسکتا ہے۔ اب تو ہم دنیا کے گول ہونے کا ثبوت لینے کو چل دیے۔ گھر سے نکل پڑے جیسے حاتم طائی منیر شامی کی محبوبہ کی فرمائش پر انڈے کے برابر موتی اور کوہ ندا کی تلاش میں نکل گیا تھا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10

(i) دوستی کا پھل (ii) اُسوہ حسنہ ﷺ

5۔ مست توکلی کی نظم "وحدانیت" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان "انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات" پر مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

............ یا ............ کالج میں ہونے والی سالانہ کھیلوں کی اختتامی تقریب کی روداد تحریر کیجئے۔

7۔ پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست تحریر کیجئے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ 2+8=10

ایک دن صحابہ کرامؓ نے ایک مضبوط اور تنومند نوجوان کو دیکھا جو علی الصباح تلاش معاش میں گھر سے نکلا تھا۔ اس کا صحت مند اور سڈول جسم دیکھ کر صحابہ کرام اش اش کر اٹھے اور بلا تامل ان کے منہ سے نکلا: "کیا ہی اچھا ہوتا اگر اس نوجوان کی قوت اور پھرتی اللہ کی راہ میں صرف ہوتی"۔ رسولِ خدا ﷺ نے جب یہ الفاظ سنے تو اپنے صحابہ کو مخاطب کرکے فرمایا: "ایسا نہ کہو کیوں کہ اگر وہ مانگنے سے بچنے اور لوگوں کا محتاج نہ ہونے کے لیے محنت مشقت کرتا ہے تو یہ بھی خدا کی راہ میں ہے اور اگر اپنے ضعیف ماں باپ یا اہل وعیال کی پرورش کے لیے محنت کرتا ہے تو وہ بھی خدا کی راہ میں ہے"۔

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2019

۱۱ انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ دوسرا) (سیشن 20-2018 تا 17-2015) پرچہ (I) دستخط امیدوار..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2028** کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ ایک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ضد ______ اچھی بات نہیں۔ | کرو | کرنا | کرنے | کرنی |
| 2 | رات میں نے ڈراؤنا خواب ______ | دیکھیں | دیکھو | دیکھی | دیکھا |
| 3 | قلم ______ نب بدل لو۔ | کے | کو | کی | کا |
| 4 | سنت کے لغوی معنی ہیں۔ | راستہ | عمل | طریقہ | شریعت |
| 5 | نوجوان اپنی تراش خراش سے معلوم ہوتا تھا۔ | خوش حال | خوش باش | فیشن ایبل | پڑھا لکھا |
| 6 | فسادات کس شہر میں ہو رہے تھے؟ | دہلی میں | بنارس میں | کلکتہ میں | لکھنو میں |
| 7 | دہلی کی طرف سے آنے والے کہلاتے ہیں۔ | اہلِ زباں | اہلِ حرفہ | اہلِ سیف | اہلِ فکر |
| 8 | گندے انڈوں کا موزوں محل استعمال ہے۔ | جلسہ | نوکری | کرکٹ میچ | بیکری |
| 9 | مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں۔ | طرفین استعارہ | وجہ شبہ | طرفین تشبیہ | حرف تشبیہ |
| 10 | "دانت موتی کی مانند چمکدار ہیں" میں مشبہ کیا ہے؟ | موتی | دانت | چمکدار | مانند |
| 11 | طرفین استعارہ کون سے ہیں؟ | مستعارلہٗ | مستعارمنہٗ | وجہ جامع | مستعارلہٗ اور مستعار منہٗ |
| 12 | "کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے" اس مصرعے میں شیر ہے | مستعارلہٗ | مستعارمنہٗ | وجہ جامع | وجہ شبہ |
| 13 | تلمیح کی نشان دہی کریں۔ | ابن مریم | ابن آدم | ابن الوقت | ابوالقاسم |
| 14 | ردیف سے پہلے آنے والے ہم صوت الفاظ کہلاتے ہیں۔ | استعارہ | قافیہ | مطلع | مقطع |
| 15 | "مطلع" کے دونوں مصرعے لازماً ہوتے ہیں۔ | ہم ردیف | ہم قافیہ | ہم وزن | مربوط |
| 16 | "ردیف" کے لغوی معنی ہیں۔ | گھڑ سوار | پیدل | گھڑ سوار کے آگے بیٹھنے والا | گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا |
| 17 | "ردیف" کس زبان کا لفظ ہے؟ | اردو | فارسی | ہندی | عربی |
| 18 | مقطع کے لیے ضروری ہے۔ | پہلا شعر اور تخلص | تخلص | آخری شعر اور تخلص | غزل کا آخری شعر ہو |
| 19 | زریاب کو کافی دیر بعد ہوش ______ | آئے | آئی | آیا | رہی |
| 20 | یہ عبدالرحمان ______ قلم ہے۔ | کا | کی | کے | کو |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2019

1119 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ دوسرا) (سیشن 20-2018 تا 17-2015) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ------------------ اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

کیا نام ہے ، شامل ہے جو تکبیرِ اذاں میں × اس نام کی عظمت کے ہیں قربان ، دل و جاں

اشکوں سے ترے ، دین کی کھیتی ہوئی سیراب × فاقوں نے ترے ، دہر کو بخشا سروساماں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

یہ جو دو آنکھیں ، مند گئیں میری × اس پہ وا ہوتیں ، ایک بار اے کاش

گن نے اپنی مصیبتیں نہ گئیں × رکھتے میرے بھی غم ، شمار اے کاش

جان آخر تو جانے والی تھی × اُس پہ کی ہوتی ، میں نثار اے کاش

حصہ ------------------ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) بادشاہ ہو یا گدا، امیر ہو یا غریب، حاکم ہو یا محکوم، قاضی ہو یا گواہ، افسر ہو یا سپاہی، استاد ہو یا شاگرد، عابد و زاہد ہو یا کاروباری، غازی ہو یا شہید، توحید کا نور، اخلاص کی رو، قربانی کا ولولہ، خلق کی ہدایت اور راہنمائی کا جذبہ اور بالآخر ہر کام میں خدا کی رضا طلبی کا جوش ہر ایک کے اندر کام کر رہا تھا۔ وہ جو کچھ بھی ہو، جہاں بھی ہو، یہ فیضانِ حق سب میں یکساں اور برابر تھا۔

(ب) بہم رسانی آب کے لیے ایک اسکیم عرصے سے کمیٹی کے زیرِ غور ہے۔ یہ اسکیم نظام بننے کے وقت سے چلی آتی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ نظام بنتے کے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے اہم مسودات بعض تو تلف ہو چکے ہیں اور جو باقی ہیں ان کے پڑھنے میں بہت دقت پیش آ رہی ہے اس لیے ممکن ہے کہ تحقیق و تدقیق میں ابھی چند سال اور لگ جائیں عارضی طور پر پانی کا یہ انتظام کیا گیا ہے کہ فی الحال بارش کے پانی کو حتی الوسع شہر سے باہر نکلنے نہیں دیتے، اس میں کمیٹی کو بہت کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) اسوۂ حسنہؐ (ii) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم "پیغام" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ گاہک اور دُکان دار کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ 10

........... یا ........... ایک تفریحی مقام کی سیر کی روداد تحریر کیجیے

7۔ پرنسپل کے نام جرمانہ معافی کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل پیراگراف کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10

بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی لیا جاتا رہا۔ پیغام رسانی کے لیے خط کو کبوتر کی گردن میں یا اس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اسے منزلِ مقصود پر پہنچا دیتا۔ ان کے ذریعے سینکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوتی رہی۔ پیغام رسانی کے لیے کبوتروں کا پہلی بار استعمال کس نے کیا؟ اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انہیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔ شام، عراق، مصر اور ایران وغیرہ میں پیغام رسانی کے لیے ان کا بہ کثرت استعمال کیا گیا۔ مغل فرماں روا جہانگیر کے متعلق تاریخ کی کتابوں میں مذکور ہے کہ اس نے اس کام کے لیے کبوتر پال رکھے تھے۔ بعد میں یورپ کے حکمرانوں نے بھی پیغام رسانی کے لیے انہیں استعمال کیا۔

1104 - 1119 - 33000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

pakcity.org

# Sargodha Board-2018

1118 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..............

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 2014-16 to 2017-19) پرچہ (I) دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2027** کل نمبر 20

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| لڑاکی | لڑاکو | لڑاکا | لڑاکے | یہ عورت بڑی ______ ہے۔ | 1 |
| کی | کے | کو | کا | یہ اردو ______ لغت ہے۔ | 2 |
| رہا ہے | رہی ہے | رہے ہیں | رہی ہیں | گیہوں کس بھاؤ بک ______ ہے۔ | 3 |
| سراپا نور | مہ کامل | ایک آفتاب عالم تاب | ماہتاب پرنور | حضورؐ کا وجود مبارک کیا تھا؟ | 4 |
| کافی | چائے | آدھا گلاس پانی | پاؤ پاؤ دودھ | سرسید احمد کھانے کے بعد کیا پیتے تھے؟ | 5 |
| سہرا گائیں | غزل گائیں | نظم پڑھیں | مقالہ پڑھیں | تقریب میں راجا صاحب نے قمر صاحب سے کیا فرمائش کی؟ | 6 |
| چل پھر کر | کھڑے ہو کر | بیٹھ کر | لیٹے لیٹے | صاحب فراش ہوتے ہوئے غالب مسودات کس طرح دیکھتے؟ | 7 |
| ٹوٹنے سے | ترشی کے استعمال سے | میٹھا کھانے سے | کیڑا لگنا | علامہ اقبال نے دانت کے درد کی وجہ کیا بتائی؟ | 8 |
| کنایہ | تلمیح | محاورہ | تشبیہ | کسی شعر میں یا نثر میں "محمود و ایاز" کا ذکر ہو تو کونسی ادبی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔ | 9 |
| نظم ونثر میں | نظم میں | غزل میں | نثر میں | تلمیح استعمال ہوتی ہے؟ | 10 |
| پانچ | تین | دو | ایک | ارکان تشبیہ کتنے ہیں؟ | 11 |
| کسی پر نہیں | حقیقت اور مجاز پر | مجاز پر | حقیقت پر | استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے؟ | 12 |
| محاورہ | کنایہ | استعارہ | تشبیہ | "پانی برف کی طرح ٹھنڈا ہے" اس فقرے میں کونسی ادبی اصطلاح استعمال ہوئی ہے۔ | 13 |
| تعلی | آخری شعر | دونوں مصرعے ہم قافیہ و ردیف ہوں | ردیف | مطلع کی بنیادی پہچان کیا ہے؟ | 14 |
| چوتھا | تیسرا | دوسرا | پہلا | اصطلاح میں مطلع غزل کا کونسا شعر ہوتا ہے؟ | 15 |
| آخری شعر | اختتام | کاٹنے کی جگہ | خاتمہ | مقطع کے لفظی معنی ہیں۔ | 16 |
| ہم قافیہ | بلا ردیف | غیر مردف | مردف | جس غزل میں ردیف ہو اسے کیا کہتے ہیں؟ | 17 |
| آخری | تیسرا | دوسرا | پہلا | غزل کے کس شعر میں تخلص ہو تو مقطع کہلاتا ہے؟ | 18 |
| کو | کے | کا | کی | یہ قائداعظم ______ فوٹو ہے۔ | 19 |
| خریدیں | خریدے | خریدا | خریدی | میں نے بائیسکل ______ | 20 |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2018

111، انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ پہلا) (سیشن 2014-16 to 2017-19) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ________________ اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

تجھے آبا سے اپنے ، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی × کہ تو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت وہ سیارا

گنوادی ہم نے ، جو اسلاف سے میراث پائی تھی × ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں × نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار ، راہ میں ہے

نہ بدرقہ ہے ، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے × فقط عنایتِ پروردگار ، راہ میں ہے

سفر ہے شرط ، مسافر نواز بہتیرے × ہزار ہا شجر سایہ دار ، راہ میں ہے

حصہ ________________ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) ایسی کامل و جامع ہستی جو اپنی زندگی میں ہر نوع اور ہر قسم، ہر گروہ اور ہر صنفِ انسانی کیلئے ہدایت کی مثالیں اور نظیریں رکھتی ہو، وہی اس لائق ہے جو اس اصناف وانواع سے بھری ہوئی دنیا کی عالمگیر اور دائمی راہنمائی کا کام سرانجام دے، جو غیظ و غضب اور رحم و کرم، جود وسخا اور فقر و فاقہ، شجاعت و بہادری اور رحمدلی، رقیق القلبی، دنیا اور دین دونوں کے لیے ہمیں اپنی زندگی کے نمونوں سے بہرہ مند کردے۔ جو دنیا کی بادشاہی کے ساتھ آسمان کی بادشاہی اور اس آسمان کی بادشاہی کے ساتھ دنیا کی بادشاہی کی بھی بشارت دے۔

(ب) قمر اپنے اوپر جھنجلا رہے تھے۔ دعوتی کارڈ پا کر وہ پھولے نہ سمائے تھے لیکن یہاں آ کر ان کی جس قدر تذلیل ہوئی۔ اس کو دیکھ کر اپنا اطمینان کا جھونپڑا جنت سے کم نہ تھا۔ انہوں نے اپنے آپ کو طعن کی۔ "تمہارے جیسے عزت کے ہوس مندوں کی یہی سزا ہے۔ اب تو آنکھیں کھلیں کہ تم کتنی عزت کے مستحق ہو"۔ تم خود اس غرض مند دنیا میں کسی کے کام نہیں آسکتے۔ وکیل تمہارا احترام کیوں کریں تم ان کے مؤکل نہیں ہوسکتے۔ ڈاکٹر اور حکیم تمہاری طرف کیوں دیکھیں۔ انہیں فیس کے بغیر گھر آنے کی ضرورت نہیں۔ تم لکھنے کیلئے بنے ہو۔ لکھتے جاؤ۔ اس دنیا میں تمہارا اور کوئی مصرف نہیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10

(I) ادیب کی عزت (II) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ سڑکوں پر ٹریفک کی روانی میں خلل کے بارے میں دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

............ یا ............ "دو قومی نظریہ" کے موضوع پر منعقدہ سیمینار کی روداد تحریر کیجئے۔

7۔ پوسٹ ماسٹر کے نام پارسل گم ہونے کی درخواست تحریر کیجئے۔ 10

8۔ درج ذیل پیراگراف کی تلخیص کیجئے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ 2+8=10

قیام پاکستان کا اصل مقصد مسلمانوں کے مذہب اور ان کے قومی وجود کا تحفظ تھا۔ مسلمانوں نے یہ خطہ زمین اس مقصد کے لیے حاصل کیا تھا کہ وہ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگیاں اسلامی تعلیمات کے مطابق گزار سکیں۔ یہاں اسلامی معاشرہ اور اسلامی حکومت قائم کرسکیں۔ مسلمان اپنا معاشی مسئلہ بہتر طور پر حل کرسکیں، وہ اپنی تہذیب کی حفاظت کرسکیں، ان کا اپنا نظامِ تعلیم ہو، ان کی اپنی زبان ہو اور پاکستان اتحاد عالم اسلام کی بنیاد بن سکے۔ جیسا کہ قائداعظم نے فرمایا تھا کہ "ہم نے پاکستان اس لیے قائم کیا ہے کہ اسے اسلام کی تجربہ گاہ بنا سکیں" اور یہ کہ "پاکستان اتحاد عالم اسلام کی کنجی ہے"۔

1102 - 1118 - 29000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sargodha Board-2018

pakcity.org

111ء انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر.................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ دوسرا) (سیشن 2014-16 to 2017-19) پرچہ (I) دستخط امیدوار .................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2026** کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حُقّے ______ نے دھولو | کو | کا | کے | کی |
| 2 | یہ ______ بہترین لغت ہے۔ | اپنے وقت کی | اردو کا | فارسی کی | انگریزی کی |
| 3 | سرسید احمد خاں کی جبلت میں داخل تھی۔ | نیکی | اچھائی | ظرافت | برائی |
| 4 | قمر نے پوری عبادت سمجھ لیا۔ | معاشرتی خدمت کو | ادبی خدمت کو | خدمتِ خلق کو | عوامی خدمت کو |
| 5 | اچھن کا باپ تمام دن اور رات میں کتنی بیڑیاں پیتا تھا؟ | ایک | دو | تین | چار |
| 6 | غالب نے میر مہدی حسین مجروح کو خط کس دن لکھا؟ | اتوار کو | سوموار کو | منگل کو | بدھ کو |
| 7 | پطرس بخاری نے کون سے طلبہ کو خالص ترین کہا ہے؟ | خیالی طلبہ کو | خالی طلبہ کو | جمالی طلبہ کو | جلالی طلبہ کو |
| 8 | تشبیہ نکلا ہے لفظ | مشبہ سے | شبہ سے | مشبہ بہ سے | وجہ شبہ سے |
| 9 | تشبیہ کی نشان دہی کیجئے۔ | شیر آیا | آبِ حیات | دودھ جیسی رنگت | کی مانند |
| 10 | استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟ | فارسی | اردو | عربی | ہندی |
| 11 | استعارہ میں آتا ہے۔ | حرفِ تشبیہ | وجہ جامع | مشبہ | مشبہ بہ |
| 12 | تلمیح کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | سہارا | کنارا | دوبارہ | اشارہ |
| 13 | ردیف کے لغوی معنی ہیں۔ | اونٹ پر سوار | گھڑ سوار | جہاز پر سوار | گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھا ہوا |
| 14 | اگر کسی غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہ ہوں تو وہ کہلائے گا۔ | مطلع | غزل کا آخری شعر | مقطع | غزل کا پہلا شعر |
| 15 | قافیہ آتا ہے۔ | ردیف کے بعد | تشبیب کے بعد | ردیف سے پہلے | شعر کے شروع میں |
| 16 | شعرا کے قلمی نام کو کہتے ہیں۔ | تخلص | خطاب | لقب | کنیت |
| 17 | ردیف اصطلاح ہے۔ | سیاسی | شعری | نثری | افسانوی |
| 18 | سڑک پر تارکول ______ ہے۔ | ڈالی جارہی | پھیلائی جارہی | بچھایا جارہا | چھڑکی جارہی |
| 19 | اس نے زخموں پر مرہم ______ تو کچھ سکون ملا۔ | لگائی | رکھی | ملی | رکھا |
| 20 | چاولوں ______ طشت میز پر رکھ دو۔ | کا | کی | کیں | کو |

**1103**-1118- 27000 **(3)**

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Sargodha Board-2018

11 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ دوسرا) (سیشن 2014-16 to 2017-19) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

pakcity.org

## حصہ ______________ اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

گنوا دی ہم نے ، جو اسلاف سے میراث پائی تھی × ثریا سے زمین پر آسماں نے ہم کو دے مارا

حکومت کا تو کیا رونا ، کہ وہ ایک عارضی شے تھی × نہیں دنیا کے آئینِ مسلم سے کوئی چارا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

خاطر سے یا لحاظ سے ، میں مان تو گیا × جھوٹی قسم سے ، آپ کا ایمان تو گیا

دل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں × الٹی شکایتیں ہوئیں احسان تو گیا

ڈرتا ہوں دیکھ کر دل بے آرزو کو میں × سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ، مہمان تو گیا

## حصہ ______________ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) اچھن پیچ وتاب کھاتی اپنی چارپائی پر لڑھک گئی۔ اس کا جی گھبرا رہا تھا اور ہر طرف سے سفید نئے کپڑوں کی کھڑکھڑاہٹ صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ زور زور سے رو کر اپنے ابا کی قناعت پسندی کا ڈھنڈورا پیٹے ۔۔۔۔ لیکن اس سے رویا بھی نہ گیا۔ آنسوؤں کا ذخیرہ تو جیسے حلق میں ہی پھنس کر رہ گیا تھا۔

(ب) میرٹھ سے آ کر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانے دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس کے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) سرسید کے اخلاق وخصائل (ii) چراغ کی لو

5۔ دلاور فگار کی نظم "لوکل بس" کا خلاصہ لکھیں۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان "توانائی کا بحران" کے عنوان پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

............ یا ............ سیرتِ نبیؐ کے موضوع پر منعقدہ کسی تقریب کی روداد لکھیے۔

7۔ وزیرِ تعلیم کے نام حصولِ ملازمت کی درخواست لکھیے؟ 10

8۔ درج ذیل پیراگراف کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10

شاعری فنونِ لطیفہ کی ایک ایسی شاخ ہے جو فنی اسالیب اور حسنِ بیاں کے علاوہ اپنی معنوی اثر آفرینی کی بدولت انسانی معاشرے میں از بس اہمیت رکھتی ہے۔ انسانی رابطے کی اس اہم ترین ادبی شکل کو محض جمالیاتی یا فنی نقطۂ نظر سے دیکھنا اور اس کی معنوی گہرائی اور اثر آفرینی تک نہ جانا، یا پھر اُسے فقط حظ ومسرت کا ایک ذریعہ سمجھنا اور ادراکِ حقیقت کے اس موثر وسیلے کو نظر انداز کر دینا، اس کے حقیقی منصب ومرتبے کو گرا دینا ہے۔

1104 - 1118 - 27000